تعارف وتبصرۂ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : حقیقت احوال
مصنف : اشفاق الرحمٰن خان شیروانی
ضخامت : 160 صفحات
قیمت : 60 روپے
ملنے کا پتہ : 2-51ڈی بلاک' ماڈل ٹاؤن لاہور

مصنف نے قرآن وسنّت کی روشنی میں اصلاحِ احوال کے مختلف عنوانات کے تحت مختصر مضامین لکھے ہیں جو مستند اور پرتاثیر ہیں۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ انسان حیات دُنیوی میں از اوّل تا آخر امتحان و ابتلاء میں ہے' مگر عام طور پر زندگی کی مصروفیات' یہاں کی چہل پہل اور رونق' مال ومتاع کی طلب' خواہشاتِ نفسانی کے حصول' لذات کی کشش اور محبوب چیزوں کی محبت انسان کو غافل رکھتی ہے' یہاں تک کہ اس کی عمر کا پیمانہ لبریز ہو جاتا ہے۔ اور اس انتقال کے ساتھ ہی اگلی اور حقیقی زندگی کا آغاز ہو جاتا ہے۔ جو لوگ حیاتِ دُنیوی کو لہو ولعب اور غفلت میں ضائع کر بیٹھے وہ اب پچھتائیں گے' مگر یہ پچھتاوا اُس وقت کسی کام نہ آئے گا۔ اس کے برعکس جن لوگوں نے اپنے پروردگار کے سامنے حاضر ہونے کا خیال رکھا' اللہ کے احکام پر رسول اللہ ﷺ کے طریقے کے مطابق عمل پیرا رہے' بھلائیاں کرتے رہے اور برائیوں سے بچنے کی کوشش کی' پھر اپنے گناہوں اور تقصیروں پر اللہ سے استغفار کرتے رہے وہ ربّ العالمین کی طرف سے راحت اور آرام کی زندگی پائیں گے۔

اس کتاب میں اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اصلاحِ احوال اور تزکیۂ نفس کے لئے اعمال و افعال کی یاددہانی کرائی گئی ہے۔ مصنف کا انداز سادہ مگر تاثیر سے مملو